SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release

October 30, 2024

اسلامک فنانس سروسز کے اجراء کے لیے ایس ای سی پی کا مشاورتی پیپر جاری

حالیہ 26ویں آئینی ترمیم کے تحت 2028 تک فنانشل سروسز کو سود سے پاک کرنے کے طرف اہم قدم

اسلام آباد، 30 اکتوبر: ایس یا سی پی کے جاری کردہ مشاورتی پیپر میں اسلامک فنانشل سروسز کے فروغ کے لیئے علیحدہ قانون کی تجویز دی گئی ہے۔ ایس ای سی پی اس ایکٹ کے لیے ماہرین اور عوام سے مشاورت کے ساتھ ایک سازگار قانونی فریم ورک فراہم کرنا چاہتا ہے۔ اس تجویز کردہ قانون کا مقصد اسلامی فنانس پر جامع قانون بنانا، مالیاتی خدمات کے لیے موجودہ فریم ورک کو بہتر بنانا، قانونی غیر یقینی صورتحال سے بچاؤ اور اسلامک فنانشل سروسز کے ایس ای سی پی کے زیر نگرانی تمام شعبوں کو شریعت سے متعلق امور کو سٹینڈرڈائیز کرنا ہے۔

ایس ای سی پی نے اس بات پر زور دیا کہ اسلامک فنانس انڈسٹری کے فروغ کے لیئے قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ پاکستان کے غیر بینکاری مالیاتی شعبے میں کی گئی زیادہ تر اصلاحات روایتی مارکیٹ کا احاطہ کرتی ہیں.
1980 کا مضاربہ اور مضاربہ (فلوٹیشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس، اسلامی فنانس کے لیئے وقف کردہ فی الوقت واحد بنیادی قانون ہے۔ غیر بینکاری شعبے میں اسلامی مالیاتی اداروں، اثاثوں اور خدمات کی ترقی، بہتر ضوابط کی ضرورت کی نشاندہی کرتی ہے۔
حالیہ 26ویں آئینی ترمیم میں یکم جنوری 2028 تک سود کے مکمل خاتمے کا تقاضا کیا گیا ہے۔ اس سے قبل فیڈرل شعریت کورٹ حکومت کو دسمبر 2027 تک قوانین میں ترمیم کی ہدایت کر چکی ہے۔
مجوزہ قانون ایس ای سی پی کے ریگولیٹری دائرہ کار میں مالیاتی منڈیوں، اداروں، مصنوعات اور خدمات کی تشکیل کے لیئے ایک ڈھانچہ قائم کرے گا۔ اس قانون کی ترقی میں شریعت کے ساتھ ہم آہنگی، اسٹیک ہولڈرز کے درمیان تعاون، ترقی، مالی استحکام، سرمایہ کاروں کا تحفظ، شفافیت، احتساب، جدت اور قومی اور بین الاقوامی قانونی تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگی اہم عناصر ہیں۔

یہ مشاورتی پیپر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر اس لنک پر دستیاب ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

https://www.secp.gov.pk/document/consultation-paper-islamic-financial-services-law-30-oct-2024/?wpdmdl=54393&refresh=67208ceadbf6c1730186474

مشاورتی پیپر پر تبصرے اور تجاویز 30 نومبر 2024 سے پہلے اس ای میل ایڈریس پر بھیجی جاسکتی ہے۔

Islamic.finance@secp.gov.pk